# بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز سوموار مورخہ 20/اپریل 2021ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ کیوڈی اے (2) محکمہ خوراک (3) محکمہ مال

(4) محکمہ سماجی بہبود

☆213 جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 25 ستمبر 2019

کیا وزیر کیوڈی اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 22 مارچ 2021 کو موخر شدہ

ہزار گنجی گیراج کمپلیکس کا ایریا کل کسقدر رقبے پر محیط ہے اور اس میں ابتک کل کتنے گیراج تعمیر کیے گئے ہیں ان کے مالکان کے نام بمعہ ولدیت اور جائے سکونت کی تفصیل دی جائے نیز کیا یہ درست ہے کہ مذکورہ کمپلیکس تا حال غیر فعال ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت اسے کب تک فعال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل دی جائے۔

## وزیر کیوڈی اے

ہزار گنجی گیراج کمپلیکس تقریبا 180 ایکڑ پر محیط ہے اس میں اب تک 10% پلاٹوں پر تعمیرات کیے گئے ہیں کمپلیکس تا حال غیر فعال ہے اور جب گورنمنٹ آف بلوچستان کی احکامات کی روشنی میں کوئٹہ شہر سے گیراجز منتقل کر دیئے جائیں گے تو فعال ہو جائیگا الاٹمنٹ رقبے وغیرہ کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆257 جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 24 دسمبر 2019

کیا وزیر کیوڈی اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ 22 مارچ 2021 کو موخر شدہ

کوئٹہ شہر میں قائم ڈیری فارمز کی کل تعداد کتنی ہے اور کیا یہ درست ہے کہ حکومت ان ڈیری فارمز کو شہر سے باہر منتقل کرنیکا

ارادہ رکھتی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا ڈیری مالکان کیلئے شہر سے باہر متبادل جگہ کا بندوبست کیا گیا ہے نیز مذکورہ فارمز کب تک شہر سے باہر منتقل کیے جاہیں گے تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر کیو ڈی اے

کیو ڈی اے اور ڈیری فارمز ایسوسی ایشن کی مشتر کہ سروے کے مطابق کوئٹہ شہر اور قرب وجوار میں بڑے اور درمیانے درجہ کے ڈیری فارمز کی کل تعداد 270 کے قریب ہیں اور حکومت بلوچستان کی ہدایت کی روشنی میں کیو ڈی اے نے کوئٹہ سبی روڈ پر تقریبا 150 ایکڑ زمین مختص کی ہے جس میں ڈیری فارمز اور اسکریب گودامز جگہ دینے کی منصوبہ بندی ہے جیسے ہی پلان کی منظوری اور حکومت کی جانب سے PC.1 کی منظوری دی جائے گی تو منصوبے پر عملدرآمد شروع کیا جائے گا

☆258 جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 24 دسمبر 2019

کیا وزیر کیو ڈی اے ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 22 مارچ 2021 کو موخر شدہ

کوئٹہ شہر کے وسط میں قائم کردہ موٹر شورومز کی کل تعداد کسقدر رہے نیز کیا یہ درست ہے کہ حکومت ان شورومز کو شہر سے باہر منتقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر جواب اثبات میں ہے تو اس سلسلے میں اُٹھائے جانیوالے اقدامات کی تفصیل بھی دی جائے

وزیر کیو ڈی اے

کیو ڈی اے نے چیف سیکرٹری، کمشنر کوئٹہ اور بورڈ آف ریونیو کو لیٹر لکھا ہے اس بابت کیو ڈی اے کے پاس کچھ زمین ہے پھر بھی بلیلی، کچلاک، سبی روڈ میں مذید زمین دی جائے تا کہ شہر سے موٹر شوروم، رکشہ شوروم، ڈیری فارمز گیراجیز، موٹر سائیکل شوروم، اسکریب گودام، ائرین ڈپو منتقل کیے جا سکے۔

☆273 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 11 فروری 2020

کیا وزیر خوراک زراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 22 مارچ 2021 کو موخر شدہ

ضلع کوئٹہ میں قائم کردہ فلور ملز کی کل تعداد کسقدر رہے بمعہ نام مالکان کے تفصیل دی جائے اور ان کو روزانہ کی بنیاد پر کسقدر گندم فراہم کی جاتی ہے نیز مذکورہ ضلع میں موجود گندم کے ذخیرہ کی بمعہ قیمت فی بوری کے تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر خوراک

ضلع کوئٹہ کی فنکشنل فلورملوں کی فہرست ذیل ہے۔

| سیریل نمبر | فلورمل کا نام | فلورمل کے مالک کا نام | باڈی کی تعداد | فل کوٹہ | ہاف کوٹہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اعتماد فلورمل | حاجی فضل محمد آغا | 12 | 6903 | 3451 |
| 2 | فاروق فلورمل | حاجی غلام سرور | 12 | 6903 | 3451 |
| 3 | بلال فلورمل | دوست محمد آغا | 10 | 5752 | 2876 |
| 4 | اقراء فلورمل | عبدل علی کاکڑ | 10 | 5752 | 2876 |
| 5 | اکرام فلورمل | لالا عبدل واحد | 8 | 4602 | 3201 |
| 6 | حبیب سلطان فلورمل | سید ظہور آغا | 16 | 9204 | 4602 |
| 7 | چلتن فلورمل | سردار رئیسانی | 12 | 6903 | 3451 |
| 8 | آصف فلورمل | حاجی مدد جتک | 4 | 2301 | 2301 |
| 9 | انصاف فلورمل | حاجی عصمت اللہ | 8 | 4602 | 2301 |
| 10 | ماڈرن غزنوی فلورمل | شریف آغا | 10 | 5752 | 2876 |
| 11 | عادل فلورمل | محمد عمر | 10 | 5752 | 2876 |
| 12 | الفلاح فلورمل | عبدل علی کاکڑ | 10 | 5752 | 2876 |
| 13 | ندیم فلورمل | حاجی عصمت | 14 | 8053 | 4026 |
| 14 | احمد فلورمل | نور احمد آغا | 14 | 8053 | 4026 |
| 15 | سیف منی فلورمل | ریاض سومرو | 4 | 8053 | 4026 |
| 16 | عبدلرزاق فلورمل | عبدلرزاق | 4 | 3520 | 1760 |
| 17 | نیو فاروق فلورمل | غلام سرور آغا | 12 | 10560 | 5280 |
| 18 | نیچرل فوڈ انڈسٹریز | شیر یار کاکڑ | 4 | 2640 | 1320 |
| 19 | قمبرانی منی فلورمل | عبدل حق | 3 | 1726 | 863 |
| 20 | نیشنل فلورمل | سید محمد ہارون | 10 | 5751 | 2876 |
| 21 | مدینہ فلورمل | شاہ جہاں | 8 | 4602 | 2301 |
| 22 | مسلم فلورمل | عبدل سلام | 12 | 6903 | 3451.5 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 23 | آغا فلور مل | حاجی محمد گل | 10 | 5752 | 2876 |

محکمہ خوراک کے فلور ملز بمعہ نام مالکان اور ماہانہ بنیادوں پر مذکورہ فلور ملز کے کوٹہ سے متعلق پوچھا گیا ہے جس کے جواب میں محکمہ خوراک فنکشنل اور رجسٹرڈ فلور ملوں کو ملنگ پالیسی 2006 اور نیب کی قائم کردہ کمیٹی برائے فراہمی گندم کے تحت نصف کوٹہ باڈی کے حساب سے ماہانہ بنیادوں پر جاری کرتا رہا ہے اور مقررہ قیمت 100 KG بوری/Rs.4213.45 ہے

**☆319 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 24 اگست 2020**

کیا وزیر مال ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **22 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

محکمہ مال ضلع واشک میں تعینات کردہ ملازمین کی کل تعداد کسقدر رہے ان کے نام بمعہ ولدیت، جائے تعیناتی اور لوکل / ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے نیز سال 2018 تا 15 جولائی 2020 کے دوران مذکورہ ضلع میں تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، جائے تعیناتی اور لوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر مال**

محکمہ مال ضلع واشک میں تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، جائے تعیناتی اور لوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

**☆316 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 24 اگست 2020**

کیا وزیر سماجی بہبود ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **22 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

محکمہ سماجی بہبود ضلع واشک میں تعینات کردہ آفیسران اور اہلکاران کی کل تعداد کسقدر ہے ان کے نام بمعہ ولدیت ،عہدہ، گریڈ، جائے تعیناتی اور لوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے نیز مذکورہ محکمہ کا دفتر جس جگہ/ علاقہ میں قائم کیا گیا ہے کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر سماجی بہبود**

جواب آخر پر منسلک ہے۔

**☆317 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 24 اگست 2020**

کیا وزیر سماجی بہبود ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **22 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

محکمہ سماجی بہبود ضلع واشک کیلئے مالی سال 2021 . 2020 کے بجٹ میں کل کتنے منصوبے شامل کیے گئے ہیں ان کے نام اور مختص کردہ رقم کی منصوبہ وار تفصیل دی جائے

**وزیر سماجی بہبود**

جواب آخر پر منسلک ہے۔

☆398 **جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ **27 نومبر 2020**

کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **22 مارچ 2021 کو موخر شدہ**

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ سماجی بہبود کے زیر انتظام انڈومنٹ فنڈ کے تحت غریب و نادار مریضوں کا علاج و معالجہ کیا جاتا ہے

(ب) اگر جزو الف کا جواب اثبات میں ہے تو مذکورہ فنڈ کے تحت ابتک کل کتنے مریضوں کا علاج و معالجہ کیا گیا ہے ان کے نام بمعہ ولدیت, مرض/ بیماری، جائے سکونت اور آمدہ اخراجات کی مریض وار کے حساب سے تفصیل بھی دی جائے

**وزیر سماجی بہبود**

جواب ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں۔

کوئٹہ

مورخہ 16/اپریل 2021

سیکرٹری

بلوچستان صوبائی اسمبلی